۲۲۴۷ منتخب احادیث مبارکہ کی شہرۂ آفاق کتاب کا مکمل سلیس اردو ترجمہ اور حواشی

صحیح مسلم شریف مترجم

عربی ○ اردو

مطہر

الجامع الصحیح للامام المسلم

الامام الحافظ ابو الحسین مسلم بن الحجاج القشیری م ۲۶۱ھ

جلد دوم

اردو ترجمہ۔ فوائد و تشریحات:

مولانا عابد الرحمٰن صدیقی کاندھلوی

جدید حواشی از فتح الملہم و تکملۂ فتح الملہم

حضرت مولانا محمد عبد اللہ صاحب فاضل تخصص فی الافتا جامعہ دار العلوم کراچی

تقریظ

مولانا مفتی محمود اشرف عثمانی دامت برکاتہم

مفتی و استاذ الحدیث جامعہ دار العلوم کراچی

ادارۂ اسلامیات
لاہور۔ کراچی
پاکستان

۲۲۰۴ منتخب احادیث مبارکہ کی شہرہ آفاق کتاب کا مکمل سلیس اردو ترجمہ اور حواشی

صحیح مسلم شریف ﷺ
عربی اردو مترجم

الجامع الصحیح للامام المسلم

الامام الحافظ ابو الحسین مسلم بن الحجاج القشیری م ۲۶۱ھ

جلد دوم

اردو ترجمہ۔ فوائد و تشریحات:

مولانا عابد الرحمٰن صدیقی کاندھلوی

جدید حواشی از فتح الملہم و تکملۃ فتح الملہم

حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب فاضل تخصص فی الافتاء جامعۃ دارالعلوم کراچی

تقریظ

مولانا مفتی محمود اشرف عثمانی دامت برکاتہم

مفتی و استاذ الحدیث جامعۃ دارالعلوم کراچی

ادارہ اسلامیات لاہور۔ کراچی
پاکستان

نام کتاب

صحیح مسلم شریف مترجم اردو

نام مصنف

الامام الحافظ ابو الحسین مسلم بن الحجاج القشیریؒ م ۲۶۱ھ

اشاعت اول

ربیع الاول ۱۴۲۸ھ، اپریل ۲۰۰۷ء

ادارۂ اسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

۱۴- دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور فون ۷۳۲۴۴۱۲ فیکس ۹۲-۴۲-۷۳۲۴۷۸۵+
۱۹۰- انار کلی، لاہور - پاکستان.........فون ۷۲۴۳۹۹۱-۷۳۵۳۲۵۵
موہن روڈ، چوک اردو بازار، کراچی - پاکستان......فون ۲۷۲۲۴۰۱

ملنے کے پتے

ادارۃ المعارف، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر ۱۴
مکتبہ دار العلوم، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر ۱۴
ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، چوک لسبیلہ، کراچی
دار الاشاعت، اردو بازار، کراچی نمبر ۱
بیت القرآن، اردو بازار، کراچی نمبر ۱
بیت العلوم، نابھہ روڈ، لاہور

اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ الْمُحْتَرِقُ آنِفًا فَقَامَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقْ بِهَذَا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَغَيْرَنَا فَوَاللَّهِ إِنَّا لَجِيَاعٌ مَا لَنَا شَيْءٌ قَالَ فَكُلُوهُ *

شخص کھڑا ہو گیا، آپؐ نے فرمایا اسے صدقہ کر دے، اس نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہمارے علاوہ اس کا کوئی اور مستحق ہے، خدا کی قسم ہم بھوکے ہیں، ہمارے پاس کچھ نہیں، آپؐ نے فرمایا تو تم ہی کھالو۔

(فائدہ) یہ صرف آپؐ کی خصوصیت تھی، آپؐ کے بعد اور کسی کے لئے یہ چیز جائز نہیں اور نہ ہی اس طرح اب کوئی کفارہ ادا کر سکتا ہے۔

(١٢) بَاب جَوَازِ الصَّوْمِ وَالْفِطْرِ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ لِلْمُسَافِرِ فِي غَيْرِ مَعْصِيَةٍ إِذَا كَانَ سَفَرُهُ مَرْحَلَتَيْنِ فَأَكْثَرَ *

باب (۱۲) رمضان المبارک میں مسافر شرعی کے لئے روزہ رکھنے اور افطار کرنے کا حکم، جب سفر دو منزل یا اس سے زائد ہو۔

١١٠ - حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَا أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَامَ الْفَتْحِ فِي رَمَضَانَ فَصَامَ حَتَّى بَلَغَ الْكَدِيدَ ثُمَّ أَفْطَرَ قَالَ وَكَانَ صَحَابَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَّبِعُونَ الْأَحْدَثَ فَالْأَحْدَثَ مِنْ أَمْرِهِ *

۱۱۰۔ یحییٰ بن یحییٰ اور محمد بن رمح، لیث (دوسری سند) قتیبہ، لیث، ابن شہاب، عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس سال مکہ مکرمہ فتح ہوا رمضان المبارک میں نکلے تو آپ نے روزہ رکھا، جب مقام کدید پر پہنچے تو آپ نے روزہ افطار کر دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ آپ کی ہر نئی سے نئی بات کا اتباع کرتے تھے۔

(فائدہ) علمائے کرام اور اصحاب فتویٰ اور امام مالک، امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے نزدیک اگر مسافر میں روزہ رکھنے کی ہمت اور قوت ہے تو پھر روزہ رکھنا افضل ہے، ورنہ افطار بہتر ہے کیونکہ روایتوں میں دونوں قسم کے امر موجود ہیں اور سفر سے سفر شرعی مراد ہے۔

١١١ - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ قَالَ يَحْيَى قَالَ سُفْيَانُ لَا أَدْرِي مِنْ قَوْلِ مَنْ هُوَ يَعْنِي وَكَانَ يُؤْخَذُ بِالْآخِرِ مِنْ قَوْلِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ *

۱۱۱۔ یحییٰ بن یحییٰ، ابوبکر بن ابی شیبہ، عمرو ناقد، اسحاق بن ابراہیم، سفیان، زہری سے اسی سند کے ساتھ اسی طرح روایت منقول ہے، یحییٰ بیان کرتے ہیں کہ سفیان نے کہا کہ میں نہیں جانتا کہ یہ قول کس کا ہے؟ یعنی یہ کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری قول لیا جاتا ہے۔

١١٢ - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ

۱۱۲۔ محمد بن رافع، عبدالرزاق، معمر، زہری سے اسی سند کے ساتھ روایت منقول ہے اور زہری بیان کرتے ہیں کہ افطار

قَالَ الزُّهْرِيُّ وَكَانَ الْفِطْرُ آخِرَ الْأَمْرَيْنِ وَإِنَّمَا يُؤْخَذُ مِنْ أَمْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْآخِرِ فَالْآخِرِ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَصَبَّحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ لِثَلَاثَ عَشْرَةَ لَيْلَةً خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ *

کرنا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری امر تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری ہی بات پر عمل کرنا چاہئے (۱) اور زہری بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں تیرہویں رمضان المبارک کی صبح کی تھی۔

١١٣- وَحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَ حَدِيثِ اللَّيْثِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَكَانُوا يَتَّبِعُونَ الْأَحْدَثَ فَالْأَحْدَثَ مِنْ أَمْرِهِ وَيَرَوْنَهُ النَّاسِخَ الْمُحْكَمَ *

۱۱۳۔ حرملہ بن یحییٰ، ابن وہب، یونس، ابن شہاب نے اسی سند کے ساتھ لیث کی روایت کی طرح نقل کی ہے اور ابن شہاب نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ صحابہ کرامؓ آپ کی ہر نئی بات اختیار کرتے تھے اور نئی بات کو ناسخ اور محکم جانتے تھے۔

١١٤- وَحَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ سَافَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَمَضَانَ فَصَامَ حَتَّى بَلَغَ عُسْفَانَ ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ فِيهِ شَرَابٌ فَشَرِبَهُ نَهَارًا لِيَرَاهُ النَّاسُ ثُمَّ أَفْطَرَ حَتَّى دَخَلَ مَكَّةَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فَصَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَفْطَرَ فَمَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ *

(فائدہ) یہی جمہور کا قول ہے اور تفصیل میں نے لکھ دی ہے۔

۱۱۴۔ اسحاق بن ابراہیم، جریر، منصور، مجاہد، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان المبارک میں سفر کیا اور روزہ رکھا، جب مقام عسفان پر پہنچے تو آپؐ نے ایک برتن منگایا اس میں پینے کی کوئی چیز تھی اور اسے دن میں پیا تاکہ سب لوگ آپؐ کو دیکھ لیں، پھر افطار کرتے رہے حتی کہ مکہ مکرمہ پہنچ گئے، ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ آپؐ نے روزہ بھی رکھا اور افطار بھی فرمایا سو جس کی سمجھ میں آئے وہ روزہ رکھے اور جو چاہے وہ افطار کرے۔

١١٥- و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ لَا تَعِبْ عَلَى مَنْ صَامَ وَلَا عَلَى مَنْ أَفْطَرَ قَدْ صَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ وَأَفْطَرَ *

۱۱۵۔ ابوکریب، وکیع، سفیان، عبدالکریم، طاؤس حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ہم عیب نہیں لگاتے تھے اس پر جو (سفر میں) روزہ رکھے اور نہ اس پر جو افطار کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کی حالت میں روزہ بھی رکھا اور آپؐ نے افطار بھی کیا۔

(۱) بعد والے امر کو لینا تب ضروری ہے جب کہ دوسرا امر ناسخ ہو یا پہلے سے راجح ہو ہمیشہ ایسا نہیں کیونکہ کئی مرتبہ ایسا بھی ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد والا امر بیان جواز کے لئے کیا جیسے اولاً وضو میں ہر عضو کو تین مرتبہ دھویا پھر بعد میں دو مرتبہ اور ایک مرتبہ دھونے کا عمل بھی کر کے دکھایا۔

١١٦- حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَامَ الْفَتْحِ إِلَى مَكَّةَ فِي رَمَضَانَ فَصَامَ حَتَّى بَلَغَ كُرَاعَ الْغَمِيمِ فَصَامَ النَّاسُ ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ فَرَفَعَهُ حَتَّى نَظَرَ النَّاسُ إِلَيْهِ ثُمَّ شَرِبَ فَقِيلَ لَهُ بَعْدَ ذَلِكَ إِنَّ بَعْضَ النَّاسِ قَدْ صَامَ فَقَالَ أُولَئِكَ الْعُصَاةُ أُولَئِكَ الْعُصَاةُ *

۱۱۶۔ محمد بن مثنیٰ، عبدالوہاب بن عبدالمجید، جعفر بواسطہ اپنے والد، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال مکہ کی طرف رمضان میں نکلے، اور روزہ رکھا یہاں تک کہ جب کراع غمیم تک پہنچے تو لوگوں نے روزہ رکھا، پھر آپؐ نے پانی کا ایک پیالہ منگوایا اور اسے بلند کیا حتیٰ کہ لوگوں نے دیکھ لیا پھر اس کے بعد آپؐ نے پی لیا۔ اس کے بعد آپ سے کہا گیا کہ بعض لوگ روزہ رکھتے ہیں آپؐ نے فرمایا وہی نافرمان ہیں، وہی نافرمان ہیں۔

(فائدہ) مترجم کہتا ہے روزہ رکھنا نافرمانی نہیں ہے باقی اس وقت انہوں نے بظاہر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حکم کی نافرمانی کی اس لئے آپؐ نے یہ فرمایا۔

١١٧- وَحَدَّثَنَاه قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ يَعْنِي الدَّرَاوَرْدِيَّ عَنْ جَعْفَرٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ فَقِيلَ لَهُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ شَقَّ عَلَيْهِمُ الصِّيَامُ وَإِنَّمَا يَنْظُرُونَ فِيمَا فَعَلْتَ فَدَعَا بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ بَعْدَ الْعَصْرِ *

۱۱۷۔ قتیبہ بن سعید، عبدالعزیز دراوردی، جعفر سے اسی سند کے ساتھ روایت منقول ہے، باقی اس میں یہ زیادتی ہے کہ کہ آپؐ سے عرض کیا گیا کہ لوگوں پر روزہ شاق ہو رہا ہے اور وہ آپ کے فعل کے منتظر ہیں چنانچہ آپؐ نے عصر کے بعد ایک پیالہ پانی کا منگایا۔

١١٨- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ جَمِيعًا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْحَسَنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَرَأَى رَجُلًا قَدِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلَيْهِ وَقَدْ ظُلِّلَ عَلَيْهِ فَقَالَ مَا لَهُ قَالُوا رَجُلٌ صَائِمٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ أَنْ تَصُومُوا فِي السَّفَرِ *

۱۱۸۔ ابو بکر بن ابی شیبہ، محمد بن مثنیٰ اور ابن بشار، محمد بن جعفر، غندر، شعبہ، محمد بن عبدالرحمٰن بن سعد، محمد بن عمرو بن حسن، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے کہ ایک شخص پر لوگوں کا ہجوم دیکھا کہ وہ اس پر سایہ کئے ہوئے تھے، آپؐ نے دریافت فرمایا کہ اسے کیا ہوا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یہ شخص روزہ دار ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفر میں (ایسی حالت میں) (۱) روزہ رکھنا بہتری کا کام نہیں ہے۔

(۱) حالت سفر میں روزہ رکھنے کی وجہ سے اگر ضرر لاحق ہونے کا اور مشقت میں پڑنے کا اندیشہ ہو تو افطار کرنا یعنی روزہ نہ رکھنا افضل ہے اور اگر ایسا اندیشہ نہ ہو تو پھر روزہ رکھنا ہی افضل ہے۔

١١٩- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْحَسَنِ يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا يَقُولُ رَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا بِمِثْلِهِ *

۱۱۹۔ عبیداللہ بن معاذ، بواسطہ اپنے والد شعبہ، محمد بن عبدالرحمٰن، محمد بن عمرو بن حسن، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا اور حسب سابق روایت بیان کی۔

١٢٠- وَحَدَّثَنَاه أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَزَادَ قَالَ شُعْبَةُ وَكَانَ يَبْلُغُنِي عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّهُ كَانَ يَزِيدُ فِي هَذَا الْحَدِيثِ وَفِي هَذَا الْإِسْنَادِ أَنَّهُ قَالَ عَلَيْكُمْ بِرُخْصَةِ اللَّهِ الَّذِي رَخَّصَ لَكُمْ قَالَ فَلَمَّا سَأَلْتُهُ لَمْ يَحْفَظْهُ*

۱۲۰۔ احمد بن عثمان نوفلی، ابوداؤد، شعبہ سے اسی سند کے ساتھ اسی طرح اور کچھ زیادتی کے ساتھ روایت منقول ہے، شعبہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے یحییٰ بن ابی کثیر سے یہ بات پہنچی ہے کہ وہ اس حدیث اور سند پر یہ بات زائد بیان کرتے تھے کہ آپؐ نے فرمایا کہ تمہارے لئے اللہ کی اس رخصت کا قبول کرنا لازم ہے جو اللہ نے تمہیں دی، پھر جب میں نے ان سے پوچھا تو ان کو یاد نہیں رہا۔

١٢١- حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسِتَّ عَشْرَةَ مَضَتْ مِنْ رَمَضَانَ فَمِنَّا مَنْ صَامَ وَمِنَّا مَنْ أَفْطَرَ فَلَمْ يَعِبِ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ *

۱۲۱۔ ہداب بن خالد، ہمام بن یحییٰ، قتادہ، ابو نضرہ، حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمضان کی سولہویں تاریخ کو جہاد کیا تو کوئی ہم میں سے روزہ دار تھا اور کسی نے افطار کر رکھا تھا تو نہ روزہ دار افطار کرنے والے پر عیب لگاتا تھا اور نہ افطار کرنے والا روزہ دار پر۔

١٢٢- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنِ التَّيْمِيِّ ح و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح وَقَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ وَقَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ يَعْنِي ابْنَ عَامِرٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ سَعِيدٍ كُلُّهُمْ عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ هَمَّامٍ غَيْرَ أَنَّ فِي

۱۲۲۔ محمد بن ابو بکر مقدمی، یحییٰ بن سعید تیمی (دوسری سند) محمد بن مثنیٰ، ابن مہدی، شعبہ، ابو عامر، ہشام، سالم بن نوح، عمر بن عامر (تیسری سند) ابو بکر بن ابی شیبہ، محمد بن بشر، سعید، حضرت قتادہ سے اسی سند کے ساتھ ہمام کی روایت کی طرح حدیث نقل کی ہے اور تیمی اور عمرو بن عامر اور ہشام کی روایت میں اٹھارہویں تاریخ ہے اور سعید کی روایت میں بارہویں تاریخ ہے اور شعبہ کی روایت میں سترہویں تاریخ یا انیسویں تاریخ کا دن مذکور ہے۔